24 زندگی کا جال

4312CH24

پیڑ پودے

سانپ

گلہری



پانی



سورج

گھاس

اب تک تم نے تقریباً یہ کتاب پوری پڑھ لی ہے۔ تم نے پیڑ پودے، جانور، پانی، گھر، سواریاں اور بھی کئی چیزوں کے بارے میں پڑھ لیا۔ تم نے اُن کے بارے میں ضرور غور وفکر کیا ہوگا۔ کیا تم بتا سکتے ہو کہ ہم ان چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور اُن پر غور وفکر کرنے کی کوشش کیوں کرتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

پرندہ

چاند

گائے

چوہا



مٹی

گھر

ہوا

آؤ معلوم کرتے ہیں کہ تصویر میں دکھائی گئی چیزوں سے ہم کیسے جڑے ہوئے ہیں۔

* سب سے پہلے خالی دائرے میں اپنی تصویر بناؤ۔

© NCERT not to be republished

* اب اپنی تصویر سے لکیر کھینچ کھینچ کر ان چیزوں سے جوڑو جو تمھیں اپنے زندہ رہنے کے لیے ضروری لگتی ہیں۔
* کیا تم نے اپنی تصویر کو 'گھر' سے جوڑا ہے؟
* دیکھیں، گھر کو کن کن چیزوں سے جوڑا جا سکتا ہے۔ سوچو۔ گھر کن چیزوں سے بنتا ہے؟
  - لکڑی — جو پیڑ سے حاصل ہوتی ہے۔
  - اینٹ — جو پانی اور مٹّی سے بنتی ہے۔
  - مٹّی — ہمیں زمین سے ملتی ہے، اور
  - پانی — ہمیں ندی، تالاب، کنوئیں یا بارش سے ملتا ہے۔

تم سمجھ گئے ہوگے کہ گھر کو کن تصویروں یا الفاظ سے جوڑنا ہے۔

اب سی طرح ایک ایک کرکے سبھی چیزوں کو اُن سے وابستہ دوسری چیزوں سے جوڑو۔ یہ سب کرنے میں ہوسکتا ہے کہ تمھیں کچھ اور چیزوں کے نام لکھنے کی ضرورت پڑے۔

اتنا سب کرنے پر کیا بنا؟ بن گیا نہ ایک بڑا سا جال! یہ جال دیکھ کر تم کیا سمجھے؟



تم نے جو جال بنایا ہے اس کو اپنے دوستوں کو دکھاؤ اور ان کا بنایا ہوا جال بھی دیکھو۔ کیا سب ایک جیسے ہیں؟ ساتھیوں کے ساتھ اس بات پر گفتگو کرو۔

© NCERT not to be republished

بچوں کے ذریعے بنائے ہوئے جال ان کے ماحول میں پائی جانے والی چیزوں کے باہمی انحصار کی اہمیت کو سمجھنے میں معاون ہوں گے۔ کلاس میں اس کے بارے میں گفتگو کرنے سے اُنھیں جال بنانے میں مدد ملے گی۔